© rasailojaraid.com



سُنا سُنا کر تو ہم پرست بنا دیتی ہیں۔ اُن کی بجائے اگر ان پاکیزہ اور نورانی قصّوں کو رائج کیا جائے تو یقیناً ان سے بچّوں کی دماغی و روحانی تربیت میں بڑی مدد ملے۔

**صلوٰۃ الرسولؐ** :- مرتبہ مولوی سید اقتدار احمد صاحب سہسوانی صدر انجمن اہلحدیث علیگڈھ۔ پاکٹ سائز ضخامت ۴۸ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر قیمت ۱۰ر

ملنے کا پتہ :- انجمن اہلحدیث علیگڈھ

جناب مرتب نے پہلے جماعت اہلحدیث کی نماز کی بارہ خصوصیات شمار کرائی ہیں۔ اور پھر مختلف ابواب کے ماتحت نماز سے متعلق ۲۴۶ مسئلے بیان کئے ہیں۔ ہر مسئلہ کے بیان کے ساتھ کسی حدیث کا حوالہ بھی حاشیہ میں درج کر دیا گیا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ ان مسائل کا ماخذ کوئی نہ کوئی حدیث ضرور ہے۔ لیکن یہ حدیث فنی اصولِ روایت و درایت کے ماتحت کس درجہ قابلِ قبول ہے اور متعارض احادیث کے مقابلہ میں اس سے کس حد تک استدلال کرنا درست ہے؟ ان سوالات کا اس سے کوئی جواب نہیں نکلتا اور حقیقت بھی یہ ہے کہ یہ مسائل احادیث میں عمیق غور و فکر۔ قوتِ استدلال اور مہارتِ فن کے محتاج ہیں۔ کسی مسئلہ کے لئے سرسری طور پر محض کسی حدیث کا حوالہ دیدینا اس کی واقعیت ثابت کرنے کے لئے کافی نہیں ہو سکتا۔

**عنایت اللہ مشرقی کے کفریہ عقائد** :- از مولانا عبدالسمیع صاحب۔ صفحات ۳۲ کتابت طباعت متوسط۔ کاغذ معمولی۔ قیمت ۱۰ر پتہ :- مولوی نور محمد خاں مہتمم مدرسہ عربیہ نظامیہ دہتک (پنجاب)

خاکساری تحریک کا یہ پہلو نہایت خطرناک ہے کہ اس کا بانی ایک طرف اپنی تصنیفات و مقالات میں اسلام کے اصول و قوانین کے خلاف بیحد غیر متین و غیر سنجیدہ انداز بیان میں برملا نکتہ چینی کرتا ہے اور آیات و روایات میں ایسی رکیک تاویلات و توجیہات کرتا ہے جو جمہور امت کے مسلک کے خلاف ہیں اور دوسری طرف وہ لوگوں کو اپنی تحریک میں شمول کی دعوت دیتا ہے تو اعلان کرتا ہے کہ



© rasailojaraid.com